10/06/2025

12.30 PM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ **عارف حسین** سے خبریں سُنئے

**معاوضہ**

مرکزی سرکار جموں کشمیر کے سرحدی ضلعوں میں پاکستان کی شیلنگ سے تباہ ہوئے دو ہزار 60 رہائشی مکانات کے مالکان کے حق میں اضافی معاوضہ ادا کرنے کے لئے اضافی 25 کروڑ روپے وا گزار کرے گی ۔ وزارت داخلہ کی طرف سے جاری ایک بیان میں کہا گیا ہے کہ وزیر اعظم نے حال ہی میں مکمل طور سے تباہ ہوئے مکان کے لئے دو لاکھ جبکہ جزوی طور تباہ ہوئے مکان کے لئے ایک لاکھ روپے اضافی معاوضے کا اعلان کیا تھا ۔ وزارت نے اس فیصلے کی تیز تر عمل آوری یقینی بنانے کے لئے اقدامات کئے ہیں ۔

**11 برس**

وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ بھارت پچھلے گیارہ برسوں کے دوران نریندر مودی کی قیادت والی حکومت میں اقتصادی بحالی ، سماجی انصاف ، ثقافتی افتخار اور قومی سلامتی کے ایک نئے دور میں داخل ہو ا ہے ۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے کہا کہ کم سے کم حکومت اور زیادہ سے زیادہ حکمرانی کے نظریے نے ملک کے ترقیاتی منظر نامے میں تیزی سے ایک مثبت بدلاو لایا ہے ۔ قومی سلامتی کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ نکسل واد آخری سانسیں لے رہا ہے جبکہ جموں کشمیر اور شمال مشرق میں امن قائم کیا گیا ہے ۔

اِدھر بی جے پی ہیڈ کوارٹر جموں میں بی جے پی جموں کشمیر کے صدر ست شرما کی قیادت میں منعقدہ ایک تقریب کے دوران پچھلے گیارہ برسوں کی وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت والی حکومت کے مثبت کام کو اجا گر کیا گیا ۔

**لیفٹنٹ گورنر**

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ جسمانی طور خاص افراد خاص صلاحیتوں اور منفرد خصوصیات سے مالا مال ہو تے ہیں اور حکومت انہیں زند گی کے ہر ایک شعبے میں آگے بڑھنے کے مساوی مواقعے دستیاب کرانے کی وعد ہ بند ہے۔ جموں میں دیویانگ جن کےلئے لازمی آلات تقسیم کرنے کی ایک مہم کا افتتاح کرنے کے بعد خطاب کر تے ہوئے ایل جی نے کہا کہ عمر رسیدہ جسمانی طور خاص افراد کو با اختیار بنانے کےلئے متعدد سکیمیں چلائی جا رہی ہیں۔

**تعزیت**

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے استاد محلہ جموں کی مسجد کے امام مولانا سراج الدین قاسمی کے انتقال پر گہرے دکھ اور صدمے کا اظہار کیا ہے ۔ تعزیتی پیغام میں وزیر اعلیٰ نے مرحوم کو سماج بالخصوص نوجوانوں کے لئے ایک مشعل راہ قرار دیا ہے ۔

**چیف سیکریٹری**

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے کل سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران جموں کشمیر بنک کے کام کاج نیز یوٹی بھر میں اس کے دائرہ کار کو وسیع کرنے سے جڑے امور کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے جموں کشمیر بنک کے حکام پر زور دیا کہ وہ مرکزی اور یوٹی سرکار کی سکیموں کو عملانے میں ایک موثر رول ادا کریں ۔ انہوں نے کہا کہ سماج کے پچھڑے طبقوں کے لوگوں کو مالی تعاون کے دائرے میں لایا جانا چاہئے ۔ میٹنگ میں پرنسپل سیکریٹری فائنانس سنتوش ڈی ویدیا ، جموں کشمیر بنک کے ایم ڈی اور سی ای او امتاوا چٹرجی اور کئی دیگر اعلیٰ افسران بھی موجود تھے ۔

**کرشی سنکلپ ابھیان**

ملک کے ساتھ ساتھ جموں کشمیر میں بھی 15 روزہ وکست کرشی سنکلپ ابھیان کے تحت بیداری پروگراموں کا انعقاد جاری ہے ۔ ان پروگراموں کے دوران کسانوں کو کاشت کاری کے سائنسی طور طریقوں ، اعلیٰ پیداوار دینے والی بیجوں اور سرکاری سکیموں کے بارے میں جانکاری دی جا رہی ہے ۔ زرعی یونیورسٹیاں اور دیگر متعلقہ محکمے عام لوگوں تک جانکاری پہنچا کر ان کے معیارِ حیات میں بہتری لانے میں کوئی بھی دقیقہ فرو گزاشت نہیں کر رہے ہیں ۔

**نشہ مکت بھارت**

بانڈی پورہ ضلع کی مختلف پنچایتوں میں نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت متعدد بیداری پروگراموں کا انعقاد کیا گیا ۔ اس دوران ماہرین نے منشیات کے مضر اثرات کو اجا گر کرتے ہوئے لوگوں پر زور دیا کہ وہ اس لعنت سے ہر صورت میں دور رہیں ۔

**ڈپٹی کمشنر گاندربل**

ڈپٹی کمشنر گاندربل جتن کشور نے کل ایک میٹنگ کے دوران محرم الحرام کے سلسلے میں کئے جا رہے انتظامات کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے کہا کہ شیعہ آبادی والے علاقوں میں خاص طور سے بجلی ، پانی ، راشن ، طبی نگہداشت ، صفائی ستھرائی اور ٹرانسپورٹ کے خاطر خواہ انتظامات کئے جانے چاہئےں ۔

**یاترا**

دریں اثناءڈپٹی کمشنر گاندربل جتن کشور نے ایک اورمیٹنگ کے دوران آنے والی شری امر ناتھ جی یاترا کے سلسلے میں کئے جا رہے انتظامات اور بال تل روٹ سے جاری تعمیراتی کاموں کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے متعلقہ افسروں کو ہدایت دی کہ وہ یاتریوں کی سہولت کے لئے تمام انتظامات مکمل کریں ۔ انہوں نے بال تل کے راستے سے ہاتھ میں لئے گئے تمام کاموں کو جلد از جلد مکمل کرنے کی بھی ہدایات دیں ۔

**گرمی**

جمونو کشمیر میں ہر گزرتے دن کے ساتھ گرمی کی شدت میں اضافہ ہو رہا ہے۔ جموں میں دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت44ڈگری جبکہ سرینگر میں دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت33ڈگری سیلسئس سے تجاوز کر گیا ہے۔

ماہرین نے عام لوگوں سے اپیل کی ہے کہ وہ گرمی کے مضر اثرات سے بچنے کےلئے لازمی احتیاطی تدابیر پر عمل کریں۔ خاص طور سے ماہرین نے زیادہ سے زیادہ صحت بخش مشروبات استعمال کرنے پر زور دیا ہے۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ